Series SHC/1

Code No. **257/1**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book

- Please check that this question paper contains **4** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **29** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**

SOCIOLOGY

سماجیات

(Urdu Version)

Time allowed : 3 hours] *[Maximum Marks : 100*

مقررہ وقت: 3 گھنٹے کل نمبر: 100

عام ہدایات:

(i) سوالات کی مجموعی تعداد 29 ہے۔

(ii) سب سوال لازمی ہیں۔

(iii) سوال نمبر 1 تا 14 میں ہر ایک سوال 2 نمبر کا ہے اور اُس کا جواب تقریباً 30 الفاظ کے اندر ہونا چاہیئے۔

(iv) سوالات نمبر 15 تا 26 میں ہر ایک سوال 4 نمبر کا ہے اور اُس کا جواب تقریباً 75 الفاظ کے اندر ہونا چاہیئے۔

(v) سوالات نمبر 27 تا 29 میں ہر ایک سوال 8 نمبر کا ہے اور اُس کا جواب تقریباً 200 الفاظ کے اندر ہونا چاہیئے۔

(vi) ٹھیک ٹھیک سوال کے مطابق جواب لکھیئے۔

(P.T.O.)

۱۔ میٹرو پولیس (اُمّ البلاد شہر) کیا ہے؟ 2

2۔ ہندوستان کی خاص مذہبی کمیونٹیز کی پہچان بتائیے۔ $\frac{1}{2} \times 4 = 2$

3۔ اِبتدائی تعلیم سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ 2

4۔ ایک سماجی ادارے کی تعریف بیان کیجئے۔ 2

5۔ بہت زیادہ آبادی سے کیا مطلب ہے؟ 2

6۔ پارلیمنٹ کے دو سدن (ہاؤسیز) کون کون سے ہیں۔ وہ کس کی نمائندگی کرتے ہیں؟ $1+1=2$

7۔ قانون کی تعریف بیان کیجئے۔ 2

8۔ ازدواجی زندگی کے رشتے (شادی کے رشتے دار) کسے کہتے ہیں؟ 2

9۔ ماموں زاد، پھوپی زاد بھائیوں کی چار مثالیں دیجئے۔ $\frac{1}{2} \times 4 = 2$

10۔ سماجی محرومی (کمزوری) کا کیا مطلب ہے؟ 2

11۔ مغرب یافتہ کسے کہتے ہیں؟ 2

12- سماجی کنٹرول کے کچھ طریقِ کار سمجھائیے۔ 2

13- ہم جد (اہم اصل) کی تعریف بتائیے۔ 2

14- سماجی گروہ کسے کہتے ہیں؟ 2

15- مادی ثقافت کیا ہے؟ غیر مادی ثقافت سے اس کا فرق واضح کیجئے۔ 2+2=4

16- اِختیار (اَتھارٹی) کی تعریف بیان کیجئے۔ سماجیات میں مختلف قسم کے اِختیارات کی نشاندہی کیجئے۔ 2+2=4

17- لابی (lobby) کا کیا مطلب ہے؟ یہ دباؤ گروپ سے کس طرح مختلف ہے؟ 2+2=4

18- ہندوستان میں قبائیلوں میں دو طرح کی شادیاں رائج ہیں۔ مبادلے کی شادی اور شادی کے لئے فراری (सहपालायन विवाह) ان دونوں پر ایک نوٹ لکھئے۔ 2+2=4

19- ہندوستانی سماج کا مطالعہ کرنے کے لئے تاریخی یا تہذیبی طرزِ نظر بیان کیجئے۔ 2+2=4

20- 'شیڈولڈ ٹرائبس' قرض داری اور زمین سے بے گانگی کے دو مسائل جھیلے جارہے ہیں۔ اِن دونوں پر ایک نوٹ لکھئے۔ 2+2=4

21- ہندوستان میں سماجی تبدیلی لانے میں قانون کے رول کو بیان کیجئے۔ مثالیں بھی دیجئے۔ 3+1=4

22- ہندوستان میں جین ازم پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔ 4

23- ہندوستان میں عالم گیریت کے مخالف طاقتوں (adverse potentials) پر روشنی ڈالئے۔ 4

24- دُور درشن پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔ 4

25- مُنظّم جرائم (organized crimes) کسے کہتے ہیں؟ ہندوستان میں ایسے حادثوں پر روشنی ڈالئے۔ 2+2=4

26- کاسٹ اور کلاس کی تعریف بیان کیجئے۔ اور ان کا فرق واضح کیجئے۔ 1+1+2=4

27- ہندوستان کے آئین میں دیئے گئے مساوات کا حق اور آزادی کا حق کی اہمیت پر تبصرہ کیجئے۔ 2+3+3=8

یا

اصلاحی تحریک کسے کہتے ہیں؟ ہندوستان کی تاریخ کے جدید دَور میں کسی دو اصلاحی تحریکات کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالئے۔

28- ہندوستانی تاریخ کے جدید دور میں کچھ مشہور قبائلی تحریکات پر روشنی ڈالئے۔ 8

یا

بُدھ ازم کے کچھ خاص مذہبی پہلوؤں کی وضاحت کیجئے۔

29- اِسلامی عقیدت کے خاص بُنیادی یا مرکزی اَساس (فرائض) کی نشاندہی کیجئے۔ 8

یا

ہندوستان میں دیہی کمیونٹی کے خدوخال پر تبصرہ کیجئے۔